ایچ بی ایل پی ایس ایل فینز چوائس ایوارڈز کی ووٹنگ کا آج سے آغاز

لاہور، 5 جنوری2024ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل کے شائقین کے لیے فینز چوائس ایوارڈز کا عمل آج شام 6 بجے سے ایچ بی ایل پی ایس ایل کے آفیشل یوٹیوب چینل پر بہترین بیٹر کے لیے ووٹنگ کے ساتھ شروع ہونے والا ہے۔

چھ کیٹیگریز کے لیے ووٹنگ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے آفیشل یوٹیوب چینل پر جمعہ 10 جنوری تک ہو گی اور یہ ہر روز شام چھ بجے شروع ہوا کرے گی۔

فینز چوائس ایوارڈز کے فاتحین کا اعلان 11 جنوری بروز ہفتہ پلیئرز ڈرافٹ کی تقریب میں کیا جائے گا۔
5سے 10 جنوری کے درمیان ایچ بی ایل پی ایس ایل کے آفیشل یوٹیوب چینل پر ووٹ ڈالنے والے چھ خوش نصیب شائقین بھی لکی ڈرا کے ذریعے 2025 ایڈیشن کے ٹکٹ جیتنے کے اہل ہو جائیں گے۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کے بہترین بیٹر کے لیے نامزد کرکٹرز میں نو سیزن میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے ٹاپ تین بیٹرز بابر اعظم(3504) ، فخر زمان (2525) اور محمد رضوان (2403) شامل ہیں۔

اس ووٹنگ میں جو کیٹگریز شامل کی گئی ہیں ان میں بہترین بیٹر۔ بہترین بولر۔بہترین آل راؤنڈر ۔بہترین بیٹنگ انفرادی کارکردگی ۔ بہترین بولنگ انفرادی کارکردگی اور ایچ بی ایل پی ایس ایل آئیکون ایوارڈ شامل ہیں۔

ہر کیٹیگری کی نومینیز کا اعلان روزانہ 6 بجے ووٹنگ کے آغاز کے وقت کیا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial